# PAPER CODE-7201

1st Annual 2024 دہم کلاس

اسلامیات اختیاری — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا — کل نمبر=15

**ہدایات:** ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1: DGK-1-24

1۔ " کراماً کاتبین " ہیں۔
(A) انبیاء (B) دوست (C) فرشتے (D) مددگار

2۔ منافقین خود کو کہتے تھے۔
(A) مُسْتَهْزِءُوْنَ (B) مُصْلِحُوْنَ (C) مُفْسِدُوْنَ (D) مُفْلِحُوْنَ

3۔ فضول خرچ شیطان کے ہیں۔
(A) لیڈرز (B) بھائی (C) رشتہ دار (D) دوست

4۔ اللہ قرآن مجید میں فرماتا ہے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو بوجہ
(A) غربت (B) جہالت (C) مصیبت (D) تربیت

5۔ قرآن پاک کو قبول کرنے یا نہ قبول کرنے کے لحاظ سے انسانی گروہ ہیں۔
(A) ایک گروہ (B) دو گروہ (C) تین گروہ (D) چار گروہ

6۔ حسد نتیجہ ہے۔
(A) مقابلے کا (B) ظلم کا (C) گناہ کا (D) خودغرضی کا

7۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں رکھا ہے۔
(A) تکبر (B) شرم (C) شکر (D) رحم

8۔ اسلام کی نظر میں سنگلر ہے۔
(A) چغل خور (B) کمینہ (C) غدار وطن (D) برا شہری

9۔ قرآن کے مطابق اے میرے رب رحم فرما۔
(A) پڑوسیوں پر (B) والدین پر (C) اساتذہ پر (D) دوستوں پر

10۔ شوہر کا فرض ہے کہ وہ اپنی بیوی سے رکھے۔
(A) ناانصافی (B) اچھا سلوک (C) ظلم (D) برا سلوک

11۔ قرآن پاک نے مشرکوں کو قرار دیا۔
(A) بے حیاء (B) بے وفاء (C) بے ہودہ (D) نجس

12۔ اللہ کی اطاعت کس کی اطاعت کے بغیر ممکن نہیں ؟
(A) رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ (B) اصحاب رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ
(C) خلفائے راشدین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ (D) امہات المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُنَّ

13۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب نازل ہونے کی وجہ تھی۔
(A) والدین کی نافرمانی (B) رشوت ستانی (C) ناپ تول میں کمی (D) شراب نوشی

14۔ " يَكْتُبُ " مثال ہے۔
(A) مضارع کی (B) ماضی کی (C) فعل نہی (D) فعل امر کی

15۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے آخری خطبہ کس مقام پر دیا ؟
(A) مزدلفہ (B) منیٰ (C) بدر (D) عرفات

www.eduvision.edu.pk

دہم کلاس 1st Annual 2024

اسلامیات اختیاری — حصہ انشائیہ — وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : پہلا — حصہ اول — کل نمبر= 60

DGK-1-24

سوال نمبر: 2 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | حروف مقطعات سے کیا مراد ہے ؟ | ii | چار آسمانی کتابوں کو ترتیب زمانی سے لکھیے ۔ |
| iii | شکر منعم کیوں ضروری ہے ؟ | iv | ذات میں یکتائی کی وضاحت کیجئے۔ |
| v | قرآن انسانیت کے لیے قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے دو نکات سے وضاحت کیجئے۔ | vi | تیمم کو وضو اور غسل کا متبادل کیوں بنایا گیا ہے ؟ |
| vii | طہارت فکر کی وضاحت کیجئے۔ | viii | اسم ضمیر کی دو اقسام تحریر کیجئے۔ |

سوال نمبر: 3 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | انفاق فی سبیل اللہ سے کیا مراد ہے ؟ | ii | شہادت کے کیا معنی ہیں ؟ |
| iii | حدیث کی رو سے افضل انسان کون ہے ؟ | iv | نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کس چیز میں اضافہ کے لیے دعا کرتے رہتے تھے ؟ |
| v | تیسرا علم کون سا ہے ؟ | vi | حضرت ادریس علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا ؟ |
| vii | عدل کے دو فوائد تحریر کیجئے۔ | viii | فعل ماضی کی دو مثالیں دیجئے۔ |

سوال نمبر: 4 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | فضول خرچی سے کیوں منع کیا گیا ہے ؟ | ii | تمسخر اڑانے کی ممانعت کیوں ضروری ہے ؟ |
| iii | حَسَنَات اور خَطِیْئَات کے معانی تحریر کیجئے۔ | iv | حسد کے دو نقصانات لکھیے۔ |
| v | معاشی مساوات کے دو فوائد تحریر کیجئے۔ | vi | اسلامی عبادات کا کمال بیان کیجئے۔ |
| vii | والد کے دو فرائض لکھیے۔ | viii | کوئی سے دو حروف جار عربی میں لکھیے۔ |

## ( حصہ دوم )

سوال نمبر: 5 درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5+5

(الف) اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۙ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۙ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۙ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۙ

(ب) مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○

(ج) وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝

سوال نمبر: 6 درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5

(الف) مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ (ب) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ

سوال نمبر: 7 درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجئے۔ 5+5

(الف) رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے ؟ قرآن کی روشنی میں وضاحت کیجئے۔

(ب) عدل کی وجہ سے ایک مثالی معاشرہ کس طرح قائم ہو سکتا ہے ؟ وضاحت کیجئے۔

(ج) اسلامی عبادات کی امتیازی خصوصیات لکھیے۔

سوال نمبر: 8 اسم ضمیر منفصل کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجئے۔ 2+3

یا

مرکب ناقص کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجئے۔

www.eduvision.edu.pk

**PAPER CODE-7204**

1st Annual 2024 دہم کلاس

وقت = 20 منٹ — حصہ معروضی — اسلامیات اختیاری

کل نمبر = 15 — DGK-2-24 — گروپ : دوسرا

**ہدایات:** ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر:1**

1۔ " الٓمٓ " کہلاتے ہیں۔
(A) حروف جارہ (B) حروف علت (C) حروف مقطعات (D) حروف عطف

2۔ عدل کا مطلب ہے۔
(A) قانون (B) اونچا (C) سیدھا (D) مساوی بدلہ

3۔ ثبوت شہادت کا ذمہ دار ہے۔
(A) مدعی (B) مدعا علیہ (C) وکیل (D) فریقین

4۔ قاضی نے ابو تراب کس کو کہہ کر پکارا ؟
(A) حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت عثمان غنی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

5۔ حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ تھا۔
(A) خطاطی (B) نجاری (C) خیاطی (D) بزازی

6۔ کس عبادت کے دورانِ سفر میں تجارت جائز ہے ؟
(A) نماز (B) زکوٰۃ (C) روزہ (D) حج

7۔ کس صحابی رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا گیا ؟
(A) حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت معاذ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت اسامہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

8۔ وضو سے طہارت حاصل ہوتی ہے۔
(A) اخلاقی (B) مکانی (C) جسمانی (D) فکری

9۔ "عِلْمُ الْاَبْدَان" ہے۔
(A) دین کا علم (B) جسم کا علم (C) معاش کا علم (D) جنگ کا علم

10۔ فعل امر کے صیغے ہوتے ہیں۔
(A) 3 (B) 6 (C) 9 (D) 12

11۔ " یَکْتُبُ " مثال ہے۔
(A) مضارع کی (B) ماضی کی (C) فعل نہی کی (D) فعل امر کی

12۔ بدگمانی لے جاتی ہے۔
(A) گناہ کی طرف (B) غرور کی طرف (C) نیکی کی طرف (D) جھوٹ کی طرف

13۔ "اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ" کا معنی ہے۔
(A) خوشی (B) بچت (C) بڑی کامیابی (D) تحفظ

14۔ نابالغ یتیم کے مال سے خرچ کرنا ــــــــــ ہے۔
(A) حرام (B) غیر قانونی (C) مکروہ (D) نامناسب

15۔ جس نے شکر ادا کیا لوگوں کا گویا اس نے شکر ادا کیا۔
(A) رشتہ داروں کا (B) دوستوں کا (C) اللہ تعالیٰ کا (D) ہمسایوں کا

www.eduvision.edu.pk

1st Annual 2024 دہم کلاس

| اسلامیات اختیاری | حصہ انشائیہ | وقت=2گھنٹے 10 منٹ |
|---|---|---|
| گروپ : دوسرا | حصہ اول | کل نمبر= 60 |

DGK-2-24

**سوال نمبر: 2** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | قیامت کا پہلا مرحلہ بیان کیجئے۔ | ii | کیوں کر منافقین مشرکین سے بدتر ہیں ؟ |
| iii | ضدی سائل سے کیسا سلوک کرنا چاہیے ؟ | iv | قرآن پاک کی رو سے دو مسلمانوں کے گروہوں میں نزاع کی صورت میں کیا کرنا چاہیے ؟ |
| v | ایک قاتل کو تمام انسانیت کا قاتل قرار دیا گیا۔ کیوں ؟ | vi | غیبت کے دو نقصانات بیان کیجئے۔ |
| vii | اکل حلال کی کیا اہمیت ہے ؟ وضاحت کیجئے۔ | viii | قرآن مجید کی کس سورۃ کو سورۃ توحید کہتے ہیں ؟ |

**سوال نمبر: 3** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | مجاہدین اسلام کی چار خوبیاں بیان کیجئے۔ | ii | اسلام کا سب سے بڑا مشن کیا ہے ؟ مختصراً لکھیے۔ |
| iii | ہمسائے کے حقوق کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیے۔ | iv | حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹوں کے نام لکھیے۔ |
| v | انسان کو دوسری مخلوقات پر فضیلت میں علم کا کردار لکھیے۔ | vi | جہاد کی کوئی سی دو صورتیں بیان کیجئے۔ |
| vii | ایک سچے اور ایماندار مسلمان تاجر کی فضیلت حدیث کی رو سے تحریر کیجئے۔ | viii | " اُكْتُبْ " فعل امر کا کون سا صیغہ ہے ؟ |

**سوال نمبر: 4** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | " اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ اَتْقٰكُمْ " کا ترجمہ کیجئے۔ | ii | اسلام نے فضول خرچی سے کیوں منع کیا ہے ؟ |
| iii | حسد کے کوئی سے دو نقصانات لکھیے۔ | iv | " ایک مسلمان کی تمام تر زندگی عبادت ہے " وضاحت کیجئے۔ |
| v | ایک معلم کی حیثیت سے انسان کے اہم فرائض لکھیے۔ | vi | قانونی مساوات سے کیا مراد ہے ؟ |
| vii | حیاء کے کوئی سے دو مراتب لکھیے۔ | viii | " وَلَدٌ نَظِيْفٌ " کونسا مرکب ہے ؟ اور اس کا کوئی ایک اصول لکھیے۔ |

(حصہ دوم)

**سوال نمبر: 5** درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5+5

(الف) خَتَمَ اللهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(ب) وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝

(ج) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

**سوال نمبر: 6** درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5

(الف) اِنَّ دِمَآءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ

(ب) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ

**سوال نمبر: 7** درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجئے۔ 5+5

(الف) طہارت جسم اور طہارت لباس کیوں ضروری ہے ؟ کیا اس کے بغیر عبادت ممکن ہے وضاحت کیجئے۔

(ب) حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ججوں اور قاضیوں کے لیے ایک ضابطہ اخلاق دیا ہے ان اصولوں کو تحریر کیجئے۔

(ج) فرض شناسی سے کیا مراد ہے ؟ اللہ تعالیٰ نے انسان پر جو فرائض عائد کیے ہیں ان کو کہاں تک پورا کرنا لازمی ہے ؟ وضاحت کیجئے۔

**سوال نمبر: 8** اسم ضمیر منفصل کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجئے۔ 2+3

یا

جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور تین مثالیں عربی میں لکھیے۔

www.eduvision.edu.pk